© rasailojaraid.com



ثالثاً، انتخابات غیر اسلامی دستور کے تحت نہ ہوں بلکہ بنائے انتخاب ہی یہ مسئلہ ہو کر ملک کا آئندہ نظام کس دستور پر قائم کیا جائے۔

## کرب کا علاج بذریعہ موت

**سوال:۔** اگر کسی مریض کے جان بر ہونے کی امید قطعاً ختم ہو چکی ہو اور شدت مرض کی وجہ سے وہ انتہائی کرب میں مبتلا ہو، یہاں تک کہ نہ غذا اندر جا سکتی ہو، نہ دوا، تو کیا ایسے حالات میں کوئی طبیب حاذق اس کو تکلیف سے نجات دلانے کے لیے سنکھیے وغیرہ کا انجکشن دے کر اس کی زندگی کی دو چار گھڑیاں کم کر سکتا ہے؟ اس قسم کی موت وارد کرنے سے کیا اس پر شرعاً قتل کا الزام آئے گا، حالانکہ اس کی نیت بخیر ہے؟

**جواب:۔** نہیں یہ صورت جائز نہیں ہے۔ طبیب کو اللہ تعالیٰ نے جو علم دیا ہے اُس کی غرض انسان کی زندگی کے لیے کوشش کرنا ہے نہ کہ اس کی موت کے لیے۔ جب تک کسی شخص کے اندر جان باقی ہے، اس کی زندگی کو قصداً ختم کرنے کی کوشش، خواہ نیت اس کی تکلیفوں کو کم کرنے ہی کی کیوں نہ ہو، قتل عمد ہے۔ یہ کام صرف کفار ہی کے کرنے کا ہے۔ کسی مسلمان کے لیے جو زندگی اور اس کی تکلیفوں کی حقیقت کو سمجھتا ہے، یہ ہرگز زیبا نہیں ہو سکتا۔

---

## خریدار حضرات سے ایک گذارش

اب رسالہ، انشاء اللہ، ہر ماہ ٹھیک وقت پر نکلتا رہے گا اور ہر انگریزی مہینہ کی ۲۰ تاریخ کو دفتر سے روانہ کر دیا جائے گا۔ اس لیے جن لوگوں کو مہینہ کی ۳۰ تاریخ تک رسالہ نہ ملے ان کو ایک ہفتہ کے اندر (یعنی اگلے مہینہ کی ساتویں تاریخ تک) ہمیں اطلاع دے دینی چاہیے۔ اس کے بعد شاید تعمیل ارشاد نہ ہو سکے گی۔

"مینجر"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# TOWARDS UNDERSTANDING ISLAM

BY

**SAYYID ABUL-ALA MAUDUDI**

This small book is an attempt at a clear and concise interpretation of Islam. The chief aim in view has been to present within a brief space the most systematic and logical conception of Islam to build a coherent and organic structure of human life on the basis of this conception and to give a comprehensive and lucid account of what this religion in reality is.

All the prominent journals and dailies of India have highly spoken of this little book. Order your copy just now. Price Rs. 3/-. Available from The Manager, Tarjuman-ul-Quran, Jamalpur F. F., District Gurdaspur.

---

# رسالۂ دینیات

**رسالۂ دینیات** یہ رسالہ ہائی اسکولوں کی آخری جماعتوں میں تعلیم پانے والے لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے لکھا گیا ہے۔ اِس میں تعلیم دینیات کا بالکل جدید طرز اختیار کیا گیا ہے۔ مسلمان نوجوانوں کو زندگی کی منزل میں داخل ہونے سے پہلے یہ رسالہ پڑھا دینا نہایت ضروری ہے۔ اِسمیں بہترین عقلی دلائل کے ساتھ اسلام کی بنیادی تعلیمات اور اصولِ شریعت کو سمجھایا گیا ہے اور ان شبہات کو رفع کیا گیا ہے جو زمانۂ جدید کے دماغوں میں عموماً پیدا ہوتے ہیں۔

طلبہ کے علاوہ عام ناظرین اور خصوصاً جدید تعلیم یافتہ حضرات کے لیے بھی اِس رسالہ کا مطالعہ فائدہ سے خالی نہیں نیز علماء بھی اس سے مستفید ہو سکتے ہیں کیونکہ یہ رسالہ انکو بتائیگا کہ اس دَور میں اسلام کو پیش کرنیکا صحیح طریقہ کیا ہے۔

قیمت ۱/۸ محصولڈاک ۲ر خرچ وی پی ۳ر

دفتر رسالہ ترجمان القرآن، جمال پور۔ پٹھانکوٹ

© rasailojaraid.com